CBSE PORTAL
www.cbseportal.com

# TELANGANA STATE BOARD OF INTERMEDIATE EDUCATION, HYDERABAD

## URDU – II

### Modern Language – Part-III

## MODEL QUESTION PAPER

Time: 3 Hrs. (w.e.f. 2016-17) Max Marks: 100

**I.** **ذیل میں دیئے گئے کسی چار کی بحوالۂ متن تشریح کیجیے۔** 4 x 5 = 20

1. ''بیگم زورؔ نے ادارہ کی مستقل عمارت کے لیے زمین کا عطیہ دیا جس پر ''ایوانِ اُردو'' کے نام سے ادارۂ ادبیاتِ اُردو کی عمارت تعمیر ہوئی۔''
2. ''یہ پہلی درسگاہ تھی جہاں مشرق و مغرب کا سنگم قائم ہوا۔''
3. ''ہوش سنبھالا تو چاروں طرف شعروشاعری کا ماحول دیکھا۔''
4. ''ادیب و شاعر کے ہاتھوں میں لفظ ہوتے ہیں۔ مگر ان لفظوں کو ڈھنگ سے پیش کیا جائے تو اعلیٰ خیال پیش کیا جا سکتا ہے۔''
5. ''وہ پہلے آدمی ہیں جنھوں نے تعلیمِ نسواں کی اہمیت کو محسوس کر کے ایسی کتابیں لکھیں جو خواتین کے لیے خاص طور پر مفید تھیں۔''
6. ''میں سو فوجی دستوں کے مقابلے میں ایک اخبار سے زیادہ ڈرتا ہوں۔''

**II.** **ذیل میں دیئے گئے سوالات میں سے کسی چار کا مختصر جواب لکھیے۔** 4 x 5 = 20

1. بچوں کے رسائل کے بارے میں اپنی معلومات کا اظہار کیجیے۔
2. ہندوستانی تہواروں کے بارے میں نظیر نے کس قسم کی شاعری کی ہے؟
3. اُردو زبان کے آغاز کے بارے میں سلیمان ندوی کا نظریہ بیان کیجیے۔
4. اخبار کا مطالعہ کیوں ضروری ہے؟ مختصر لکھئے۔
5. سائنٹفک سوسائٹی کی علمی خدمات کا جائزہ لیجیے۔
6. سلطان محمد قلی قطب شاہ کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

**III.** **ذیل میں سے کسی دو کے جواب لکھیے۔** 2 x 10 = 20

1. دارالترجمہ جامعہ عثمانیہ کی علمی خدمات کا جائزہ لیجیے۔
2. جدید دور میں ابلاغ کی اہمیت پر روشنی ڈالیے۔
3. انیسؔ کی مرثیہ نگاری کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

**IV.** **ذیل میں سے کسی دو سوال کے جواب لکھیے۔** 2x 10 = 20

1. فورٹ ولیم کالج کے اغراض و مقاصد بیان کیجیے۔
2. برقیاتی صحافت (الکٹرانیک میڈیا) کسے کہتے ہیں؟ اس کی اقسام کیا ہیں؟
3. ماہ لقا بائی چندا کی شاعری کی خصوصیات بیان کیجیے۔

**V.** **(الف) ذیل کے سوالوں میں سے کسی ایک کا جواب لکھیے۔** 1 x 10 = 10

1. مبالغہ کی تعریف کیجیے اور اس کے اقسام بیان کیجیے۔
2. استعارہ کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کی اقسام لکھیے۔

**(ب) ذیل کے سوالوں میں سے کسی ایک کا جواب لکھیے۔** 1 x 10 = 10

1. رپورتاژ ''پودے'' میں کرشن چندر نے کن مشاہدات کو بیان کیا۔
2. حیدرآباد میں منعقدہ ترقی پسند کانفرنس کا حال بیان کیجیے۔

Downloaded from: www.cbseportal.com Courtesy: Telangana Board